www.haal.com.pk

روزنامہ حال کوئٹہ

جلد نمبر 29
شمارہ نمبر 311
قیمت 10 روپے

بروز جمعہ 13 نومبر 2026ء
02 جمادی الثانی 1448ھ

E-mail:dailyhaalmail@gmail.com ABC Certified Daily HAAL Quetta Ph: 081-2826300



اطالیہ، وزیراعظم محمد شہباز شریف کوپ 31 کے لیڈرز سمٹ سے خطاب کررہے ہیں

شہباز شریف اور ترک صدر ملاقات

اطالیہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات ہوئی جس میں ٹھٹھہ کی سیکیورٹی صورتحال کلیدی کی میں اور دفاعی تعاون کے لیے اقدامات پر بات چیت ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی آج اطالیہ میں اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے فریم ورک کنونشن (UNFCCC) کے تحت کوپ 31 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا سامنا نہیں کرنا پڑیگا بلکہ ون ونڈو آپریشن کے ذریعے تمام ضروری امور کو سہل بنایا جائیگا، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کے تحفظ کی ضمانت دیتے ہیں

بلوچستان کے عوام شراکت داری کو خیر مقدم کرتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار بلوچستان کو محض خبروں اور منفی تاثر کی بنیاد پر نہ دیکھیں بلکہ خود صوبے کا دورہ کریں، یہاں کے عوام سے ملیں اور دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں

بلوچستان کے عوام کی مہمان نوازی اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کی ضمانت دیتے ہیں، ریکوڈک کا خالی کیمپ دس سال بعد بھی محفوظ ملا، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب

اسلام آباد (خ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے صوبے کے عوام کے تعاون سے سرمایہ کاروں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ بلوچستان صرف قدرتی وسائل سے مالا مال نہیں بلکہ یہاں کے عوام مہمان نواز، روادار اور اپنے وعدوں کی پاسداری کی ایک شاندار روایت رکھتے ہیں۔ ریکوڈک منصوبے سے وابستہ بیرک گولڈ کی واپسی کے وقت ایک وہاں سے زائد ہم سے خالی رہنے والے اس کیمپ سے ایک بھی شرٹ یا جوتے کا کوئی جوڑا غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت صوبائی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی دے گی۔

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے خطاب کررہے ہیں

سعودی عرب کی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

سعودی عرب کے دفاع کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائینگے، تیاریاں خطے میں مزید کشیدگی کا بھی فریق بننے والے مفاد میں نہیں، نواز شریف

پاکستان کا سعودی سلامتی کا عزم غیر مشروط ہے، سعودی عرب کے اندر فوجی صلاحیتوں اور طے شدہ دستوں کی فوری تعیناتی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں

پاکستانی افواج، عسکری صلاحیتوں اور دفاعی وسائل کی فوری دستیابی، تیاری میں اضافے اور عسکری انضمام کو مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، یقین دہانی، جنرل احمد شریف چوہدری

وزیراعظم کا سعودی عرب کے دفاع کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع کیلئے تمام ضروری اقدامات کرینگے، سعودی عرب کے اندر فوجی صلاحیتوں اور طے شدہ دستوں کی فوری تعیناتی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں، پاکستان کا سعودی سلامتی کا عزم غیر مشروط ہے، پاکستانی افواج، عسکری صلاحیتوں اور دفاعی وسائل کی فوری دستیابی، تیاری میں اضافے اور عسکری انضمام کو مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، یقین دہانی جنرل احمد شریف چوہدری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع کیلئے تمام ضروری اقدامات کرینگے، سعودی عرب کے اندر فوجی صلاحیتوں کی دستیابی اور دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو مزید مؤثر بنانا شامل ہے، سعودی اخبار الشرق الاوسط کو دیے گئے انٹرویو میں ترجمان افواج پاکستان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ سعودی عرب کی سماجی اور سیاسی شراکت داری کو ایک اہم دفاعی ستون قرار دیا ہے، پاکستان کی صلاحیتوں کی دستیابی اور طے شدہ دستوں کی فوری تعیناتی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں، یقین دہانی، جنرل احمد شریف چوہدری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا

لاہور (آن لائن) عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی عمران خان کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

انٹرا پارٹی انتخابات کرانے پر ایم کیو ایم پاکستان کا پارٹی سربراہ کا عہد وفا کی قرار

اسلام آباد (بی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی نئی فہرست جاری کردی۔ ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ کا نام حذف

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

آبنائے ہرمز میں 2 سپر ٹینکرز میں زوردار دھماکے کے ساتھ آگ لگ گئی

تہران (بی این ایم) آبنائے ہرمز میں گزشتہ روز غیر معیار اسے گزرتے ہوئے 2 سپر ٹینکرز میں زوردار دھماکے کے ساتھ آگ لگ گئی۔ مالی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وفاقی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ، وزیراعظم کا اہداف حاصل نہ کرنیوالے وزرا کو ہٹانے پر غور

اسلام آباد (بی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت مقررہ اہداف حاصل نہ کرنے والے وزرا کو

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

موسمیاتی تبدیلیوں پر عالمی برادری ترقی پذیر ممالک سے کیے وعدے پورے کرے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں پر عالمی برادری ترقی پذیر ممالک سے کیے وعدے پورے کرے۔

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈیرہ پٹھی دوگروپوں میں تصادم، دو افراد جاں بحق

ڈیرہ پٹھی (آن لائن) ڈیرہ پٹھی کے علاقے باسکیہ میں دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عالمی برائے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے وعدے پورے کرے، شہباز شریف

موسمیاتی آفات سے نمٹنے کے لیے عالمی یکجہتی و عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا، پائی کو بلبوتھ جیسا استعمال نہیں کیا جانا چاہیے

کمزور معیشتوں کے لیے گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے

اطالیہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے مؤثر اور مشترکہ کوشش کی ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو پائی کو بلبوتھ جیسا استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، کمزور معیشتوں کے لیے گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے، اقدامات میں ہمارا ہوگا، مشکلات سے دوچار معیشتوں کو کفایت کاری کی شیشی کی شرکت داری سمیت گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی فنڈ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ملک معیشت اور کان کنی کے شعبے میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، ڈار

پاکستان کی خارجہ پالیسی پُرامن بقائے باہمی، خودمختار مساوات اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داریوں کے اصولوں پر استوار ہے

پاکستان معدنیات کی تلاش اور سرمایہ کاری کیلئے ایک مساعد، مستحکم اور قابل اعتماد مقام کے طور پر مواقع فراہم کرتا ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے معدنیاتی ترقی کو ایک اہم قومی معاشی ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی پُرامن بقائے باہمی، خودمختار مساوات اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داریوں کے اصولوں پر استوار ہے، پاکستان معدنیات کی تلاش اور سرمایہ کاری کیلئے ایک مساعد، مستحکم اور قابل اعتماد مقام کے طور پر مواقع فراہم کرتا ہے، ملک میں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی مشاورتی اجلاس میں شریک ہیں

بانی پی ٹی آئی نے نئے صوبے بنانے کی حمایت کردی، پارٹی ذرائع

بانی کی ہمشیرہ اور اپیل سمیت تمام خواتین ایران کی رہائی کے لیے فوری طور پر فعال کردار ادا کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بی این ایم) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک میں نئے صوبے بنانے

(باقی صفحہ 34 بقیہ نمبر 34)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے رہنما لوئس بلوچ اور چودری شیر علی ملاقات کررہے ہیں

نیویارک میں تین منزلہ قدیم عمارت زمین بوس، 8 افراد ہلاک، 17 زخمی

ملبہ دیکھ والی عمارت 1930 میں تعمیر کی گئی تھی اور عمارت کے باقیکل ساتھ خالی پلاٹ پر گھنٹوں کا کام جاری تھا

نیویارک (آن لائن) نیویارک میں 3 منزلہ عمارت گرنے کے بعد امدادی کارکن ملبہ سے متاثرین کو نکالنے میں مصروف ہیں نیویارک

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ہنوبوں کے قیام پر ریفرنڈم کروانا بہترین حل ہے

محسن نقوی

بلاول بھٹو کے سیاست کو ری سیٹ کرنے کی بات کی ہے، میں کہتا ہوں نظام کو ری سیٹ ہونا چاہیے، پورا نظام کو پشن ڈوہ ہو چکا ہے

پاکستان میں کرپشن موجود ہے، بانی پی ٹی آئی کا جو قانونی حق ہے وہ ان کو ملے گا، مولانا کنجاف انتقامی کارروائی کا تاثر بالکل غلط ہے

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ محسن نقوی نے صوبوں کے قیام کی اہمیت اور اس بارے عوامی رائے شمار کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ عام انتخابات سے قبل ہنوبوں کے قیام کا ریفرنڈم کروانا بہترین حل ہے، میں یہ بات کہتا ہوں کہ نظام کو پشن ڈوہ ہو چکا ہے، سیاست کو ری سیٹ کرنے کی بات کی ہے، میں کہتا ہوں نظام کو پشن ڈوہ ہو چکا ہے، پورا نظام کو پشن ڈوہ ہو چکا ہے، بلاول بھٹو کے

روزنامہ حال Daily "H A A L" Quetta
پبلشر ڈیلے پیڈ قرۃ العین نے السعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 204 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس کلون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ PhNo:081-2869017

امریکی صدر ٹرمپ کے مواخذے کی تیاری شروع

ایران پر نئے امریکی اور اسرائیلی حملوں کے خدشات نے سفارتی کوششوں کی اہمیت بڑھا دی ہے۔ ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف ابراہیم قالن کے مطابق ان کا ملک نئے حملے روکنے کی کوشش کر رہا ہے کیونکہ مزید فوجی کارروائی پورے خطے کو زیادہ سنگین بحران کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ امریکی صدر اور قطری وزیر اعظم کے درمیان ملاقات بھی اسی تناظر میں اہم ہے۔

قطر ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی رابطوں میں کردار ادا کر رہا ہے اور آئندہ ہر ممکن صورتحال بہتر بنانے کی کوششوں میں بھی شریک ہے۔ تاہم خدشہ کے بادلے میں متضاد بیانات سامنے آ رہے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے مطابق مذاکرات میں کوئی قابل ذکر پیش رفت نہیں ہوئی اور ایران کے مطالبات ناقابل قبول ہیں۔ اسکے برعکس ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے واضح کیا ہے کہ ایران عزت و احترام کی بنیاد پر امریکا کے ساتھ تنازعہ کا حل تلاش کرنے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایران سفارت کاری کو جنگ پر ترجیح دیتا ہے لیکن دباؤ اور دھمکیوں کے سامنے اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی یہ موقف اختیار کر رہے ہیں کہ امریکی عوام اسرائیل سے متعلق جنگوں سے تنگ آ چکے ہیں۔ ان بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان اختلافات بدستور گہرے ہیں، لیکن سفارتی راستے مکمل طور پر بند نہیں ہوئے۔ اس ساری صورتحال میں امریکی وزیر جنگ کے مواخذے کی قرارداد غیر معمولی سیاسی اہمیت اختیار کر گئی ہے۔ امریکی آئین کے مطابق ایوان نمائندگان سادہ اکثریت سے مواخذے کی منظوری دے سکتا ہے جس کے بعد معاملہ سینیٹ میں جاتا ہے۔ سینیٹ میں مواخذے کے مقدمے کی سماعت اور عہدے سے برطرفی کیلئے موجود ارکان کی دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ مکمل حاضری کی صورت میں یہ تعداد 67 ووٹ بنتی ہے۔ اس لیے ایوان نمائندگان سے قرارداد منظور ہونا اور سینیٹ میں مواخذے کا کامیاب ہونا دو الگ مراحل ہیں۔ یہاں ایک اہم حقیقت پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ وسط مدتی انتخابات میں کامیاب ہونے والے ڈیموکریٹک ارکان جنوری 2027ء میں نئی کانگریس کا حصہ بنیں گے۔ اس وقت تک موجودہ کانگریس میں ریپبلکن پارٹی کی اکثریت برقرار ہے۔ چنانچہ وزیر جنگ کے خلاف فوری کارروائی مشکل ہے۔ اگر موجودہ ایوان میں قرارداد منظور نہیں ہوتی تو نئی کانگریس میں اس معاملے کو دوبارہ اٹھانے کا راستہ موجود ہوگا۔ نئی سینیٹ میں ڈیموکریٹس نے کم از کم 54 نشستیں حاصل کر لی ہیں۔ اگر تمام ڈیموکریٹک سینیٹرز مواخذے کی حمایت کریں تو بھی انھیں دو تہائی اکثریت کے لیے مزید 13 ووٹ درکار ہوں گے۔ یہ حمایت ریپبلکن ارکان سے حاصل کرنا ایک بڑا سیاسی چیلنج ہوگا۔

اسلامی فتوحات کا تاباناک دور

تاریخ کے سنہری دور میں محسوس کرتا ہے۔ کتاب میں شامل مختلف ممالک اور خطوں کے 221 کشش قدم و جدید تقطیع چار رنگی نقشے اسکی اہمیت کو مزید دوچند اور 212 چہار رنگ تصاویر کتاب کے حسن کو دوبالا کر دیتی ہیں۔ یہ نقشے دارالسلام کے سفیر ریسرچ سکالر ماہر نقشہ جغرافیہ و مورخ فارس فارانی کی علمی کاوش ہیں۔ یہ نقشے صرف کتاب کی تزئین و آرائش کا حصہ ہی نہیں بلکہ علمی معاونت کا بہترین ذریعہ ہیں۔ اگے ذریعے قاری اسلامی لشکروں کی پیش قدمی، مختلف سلطنتوں کی جغرافیائی وسعت، اہم شہروں، سرحدوں اور تاریخی راستوں کو آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ جب شام، عراق، ایران، مصر، افریقہ، سندھ، وسط ایشیا اور اسپین کے ساتھ ساتھ بحر اوقیانوس اور مشرقی یورپ تک کے محاذوں کا جغرافیہ مطالعے کے ساتھ سامنے ہو تو تاریخ ایک زندہ حقیقت بن کر ذہن میں نقش ہو جاتی ہے۔ یہی خصوصیت اس کتاب کو طلبہ، اساتذہ، محققین اور عام قارئین سب کے لیے یکساں مفید بنا دیتی ہے۔ دارالسلام ایجوکیشنل کے منیجنگ ڈائریکٹر عبدالباسط کی جامعہ کے قلم سے تحریر کردہ عرض ناشر بھی اس کتاب کی فکری سند کا آئینہ دار ہے، جس میں اس حقیقت کو اجاگر کیا گیا ہے کہ تاریخ اسلام امت کی فکری شناخت اور تہذیبی وراثت کا اہم ترین سرمایہ ہے۔ عبدالباسط مجاہد کی اس امر کی طرف بھی بطور توجہ دلائی ہے کہ نئی نسل کو متعدد متوازن اور تحقیقی تاریخی لٹریچر فراہم کرنے وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ وہ اسلامی تاریخ کو افسانوی رنگ کے بجائے مستند علمی بنیادوں پر سمجھ سکے۔ طباعت کے اعتبار سے بھی یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے۔ مضبوط جلد، دیدہ زیب سرورق، آرٹ پیپر پر چھپے صفحات، واضح اور خوبصورت کمپوزنگ، معاون عنوانات، منظم ابواب اور ورق در ورق تاریخی نقشے کے ساتھ قطب مینار کی علامت نہایت باسمجھی محسوس ہوتی ہے، گویا یہ کتاب تاریخ کے سفر میں قاری کی دوست رہنمائی کا فریضہ انجام دے رہی ہو۔ اس گراں قدر تصنیف کی اشاعت معروف عالمی ادارے دارالسلام نے کی ہے جو دینی، تاریخی اور تحقیقی کتب کی اشاعت میں اپنی منفرد خدمات کے باعث عالم اسلام میں ایک معتبر مقام رکھتا ہے۔ دارالسلام نے ہمیشہ ایسی کتابوں کو شائع کیا ہے جو تحقیق، صحت معلومات، معیاری طباعت اور علمی وقار کا بہترین نمونہ ہیں، اور "اسلامی فتوحات کا تاباناک دور" اسی درخشاں روایت کی ایک قابل فخر کڑی ہے۔

تحریر: عبدالغفار مجاہد

ہے۔ لفظ "تاباناک" خود اس حقیقت کی ترجمانی کرتا ہے کہ اسلام کی یہ فتوحات محض زمینوں کی وسعت کا نام نہیں بلکہ دلوں کی فتح، انسانیت کی رہنمائی اور تہذیب و تمدن کے فروغ کی ایسی روشن داستانیں ہیں جن کی کرنیں آج بھی عالم انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں۔

کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ابراہیم العمری تاریخ اسلام کے سنجیدہ اور صاحب نظر محقق ہیں۔ انہوں نے یہ کتاب عربی میں "الفتوح الاسلامیہ عبر العصور" کے نام سے چھ جلدوں میں تحریر کیا، جس کا پہلا ہی ایڈیشن لاکھوں کی تعداد میں شائع ہوا۔ اس کتاب کا اردو، ترکی، انگریزی اور فرنچ سمیت کئی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ اردو ترجمہ شیخ الحدیث مولانا عطاء اللہ ساجد نے کیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالعزیز العمری نے واقعات کو صرف بیان نہیں کرتے بلکہ ان کے اسباب، نتائج اور تہذیبی اثرات پر بھی روشنی ڈالتے ہیں، جس سے قاری کو اسلامی فتوحات کی حقیقی روح سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ ان کی تحریر علمی استناد اور تحقیقی پختگی کا حسین امتزاج ہے جو اس کتاب کو دیگر تصانیف سے ممتاز کرتا ہے۔ کتاب کا آغاز عہد نبویؐ کے عسکری اقدامات اور ان کے مقاصد و نتائج سے ہوتا ہے، اس کے بعد خلافت راشدہ کے مبارک ادوار میں ہونے والی عظیم فتوحات کا بصیرت افروز تذکرہ کیا گیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی مرتضیٰؓ کے زمانہ خلافت میں اسلام کی تیز رفتار پیش قدمی کا تاریخی شعور کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ بعد ازاں بنو امیہ اور بنو عباس کے ادوار میں اسلامی حکومت کے پھیلاؤ، اندلس، شمالی افریقہ، مصر، شام، عراق، ایران، خراسان، ماوراء النہر، سندھ، ترکستان اور دیگر اہم علاقوں میں اسلام کے نفوذ کو نہایت تحقیقی انداز میں قلم بند کیا گیا ہے۔ مختصر کیا کتاب اسلامی تاریخ کے روشن ادوار کا ایک جامع، مستند اور نہایت قیمتی علمی سرمایہ ہے۔ اس میں تاریخی تحقیق، واقعات کی ترتیب، جغرافیائی وضاحت، ادبی شائستگی اور علمی استدلال اس خوبی سے یکجا ہوئے ہیں کہ قاری مطالعے کے دوران کہیں بھی بوجھل پن محسوس نہیں کرتا۔ یہ کتاب نہ صرف عام قارئین بلکہ اسکالرز، اساتذہ اور طلبہ کے لیے بھی یکساں مفید ہے۔ یہ ہر اس شخص کے لیے ایک ناگزیر حوالہ ہے جو اسلام کی عظمت رفتہ کو سمجھنا اور اس پر فخر کرنا چاہتا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اسلام کی فتوحات محض تلوار کی طاقت سے نہیں بلکہ عدل، علم، اخلاق اور انسانی ہمدردی کے ذریعے ممکن ہوئیں۔ یہی وہ پیغام ہے جو آج کی دنیا کو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

اسلامی تیوہار

سب قوموں کے تہوار ہیں لیکن یہ اُلوہم اور اپنے تہوار منانے کے وقت کھیل تماشے، پینے پلانے اور ناچ گانے وغیرہ میں کھو جاتی ہیں۔ ہم مسلمانوں کے بھی تہوار ہیں۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ محرم الحرام نہیں منائے وقت اسلام کی بنیادی باتوں تعلق باللہ، باہمی اخوت اور انسانی وقار کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ ہم ایسی حرکات سے بچتے ہیں اور انسان و حیوان کے درجہ پر آ نہیں۔ دونوں عیدوں کا آغاز اللہ تعالیٰ کی جناب میں دو رکعت نماز شکرانہ عقیدت پیش کرنے سے ہوتا ہے۔ عیدالاضحیٰ میں نماز سے پہلے ناشتہ کرنا مسنون ہے کیونکہ روزوں کے دوران ہمیں کھانے کی عادت راسخ ہو چکی ہوتی ہے۔ نماز عید سے پہلے فطرانہ ادا کرنا ضروری ہے۔ یہاں کی طرف سے بھی فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہ تو ضرورت مندوں کو پیش کر دیئے جاتے ہیں۔ فطرانہ روزوں کے دوران ہو کوتاہیاں ہو جاتی ہیں، ان کے کفارہ ہوتے ہیں۔ ہم بھی عید کے موقع پر خوشی مناتے ہیں۔ اس موقع پر اچھا کھانا، اچھا پہننا مسنون ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے زینت یعنی اچھا لباس اس کے منعم حرام کیا ہے؟ یوتھ سے مراد ہے صاحب ایمان لوگوں کے لئے۔ کفار کو ایمان والوں کے مقابلہ میں دنیا میں کشائش دی جاتی ہے۔ مومن کو اس کے مقابلہ میں آخرت میں ملے گی۔ مومن کو اس کے مقابلہ میں دنیا میں کشائش نہیں دی جاتی ہے۔ مومن کو

روزنامہ حال
Daily "HAAL" Quetta
بانی: سید فیض اللہ شاہ
بانی: سید فیض اللہ شاہ
بانی: سید فیض اللہ شاہ

DAILY HAAL QUETTA
روزنامہ حال کوئٹہ
بانی: رشید بیگ

تجارتی بحالی سے متعلق کوآرڈینٹر کا بیان قابل تحسین ہے، سید امان شاہ

تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے معاشی استحکام اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے متعلق کوآرڈینٹر کے بیان کو خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسے کوآرڈینٹر کی تعیناتی اور ان کی جانب سے صوبے میں تجارت اور کاروبار کے فروغ کے عزم کا اظہار بلوچستان کے لیے ایک نیک شگون ہے۔ اس بیان سے تاجر برادری، کاروباری حلقوں اور عوام میں امید کی نئی کرن پیدا ہوئی ہے کہ صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی، معاشی استحکام اور روزگار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

عمران خان کی 2 بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو لکھپت جیل سے رہا کر دیا گیا

رہائی کے آرڈر جیل حکام کو موصول ہونے کے بعد رہا کیا گیا، دونوں بہنیں 3 ایم پی او کے تحت کوٹ لکھپت جیل میں بند تھی

پی ٹی آئی کی احتجاجی سرگرمیوں میں شرکت اور دفعہ 144 کی مبینہ خلاف ورزی کے الزام میں پولیس نے حراست میں لیا تھا

لاہور (آن لائن) عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو آج لاہور کی کوٹ لکھپت جیل سے رہا کر دیا گیا ہے، دونوں خواتین گزشتہ کچھ عرصے سے کوٹ لکھپت جیل میں نظر بند تھیں، رہائی کے احکامات موصول ہونے کے بعد جیل حکام نے ضابطے کی کارروائی مکمل کر کے انہیں رہا کر دیا گیا ہے، جس کے بعد وہ اپنی رہائش گاہ کی جانب روانہ ہو گئیں۔ پارٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی رہائی کے لیے پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے قانونی اور سیاسی سطح پر کوششیں کی جا رہی تھیں، دونوں خواتین کو گزشتہ ماہ 9 مئی کے احتجاجی مظاہروں کے دوران پی ٹی آئی کے کارکنوں کو مبینہ طور پر اشتعال دلانے اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



کوئٹہ: خانوزئی گل کے نوجوان معین اسرار احمد اور یاسر خان ساحل عید الفطر اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ: جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر مسائل کی آماجگاہ بن چکا ہے، جمعیت علماء اسلام

سرکاری دفاتر میں شہریوں سے رکوں ذاتی عوامی خدمت کے تقاضوں کے منافی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ خٹک، سینئر نائب امیر مولانا خوشدل احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، متحدہ رضا خان، سیف الملک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

صوبائی حکومت پائیدار امن اور معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے، کاکڑ

کوئٹہ کمشنر بلوچستان کا سرحدی تجارت کے فروغ اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان خوش آئند ہے، صوبائی وزیر صحت

سرحدی تجارت کا فروغ معیشت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ہیٹریٹ پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بابت محمد کاکڑ نے کمانڈر ساؤتھ بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے متعلقہ بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ڈی ہی لور لائی کا فضسال گراؤنڈ کے تعمیراتی کام کا معائنہ

ترقیاتی کاموں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع

لورالائی (خ ر) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے یونیورسٹی آف لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BSDI) کے تحت تعمیر کیے گئے فضسال گراؤنڈ کا تفصیلی معائنہ کیا اور منصوبے کے تحت انجام دیے گئے تعمیراتی کام، استعمال شدہ میٹریل اور مجموعی معیار کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر تعمیراتی کام کے بعض پہلوؤں اور معیار سے متعلق تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

بلوچستان کے 2 اضلاع میں سیلز ٹیکس نوٹسز پر کاشف حیدری کا اظہار تشویش

بیٹھائی سہولیات فراہم کیے بغیر مزید ٹیکسوں کا نفاذ کاروباری طبقے کے ساتھ ناانصافی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی نظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ صوبے کے کئی اضلاع میں تاجروں کو ایک مرتبہ پھر بیک ٹیکس کی نوٹسز کا 1821 انتہائی تشویشناک ہے، عوام اور کاروباری طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بحران اور آئے دن کی ہڑتالوں میں ہونیوالے نقصانات سے دوچار ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ صوبے کے متاثرین کو بوری طرح حق دیا جائے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

گندم بحران ناقص حکومتی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خالد باٹھ

بلوچستان حکومت فوری طور پر پاسکو سے گندم خریدے، چیئرمین کسان اتحاد

کوئٹہ (آن لائن) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ ملک میں گندم کے بحران اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کی بنیادی وجہ بھی حکومتی پالیسیاں ہیں، بلوچستان میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار 400 روپے تک پہنچ چکی ہے، جس سے عام آدمی اور غریب طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں، صوبائی حکومت کا نام طور پر پاسکو سے گندم کی خریداری شروع کرے تاکہ آٹے کی قیمتوں میں استحکام لایا جا سکے، کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

صوبے کی بدلتی سیاسی صورتحال پر گہری نظر ہے، مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ثابت قدم ہے گی، صوبائی امیر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ارکین صوبائی اسمبلی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، میر زابد علی ریکی، سید ناظر شاہ اور دیگر جماعتی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی اسمبلی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر سیاسی و جمہوری جدوجہد کرے گی، صوبے کی بدلتی سیاسی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، جماعت تمام سیاسی معاملات کو جمہوری، آئینی اور سیاسی انداز میں سلجھانے کے لیے عملی طور پر سنجیدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

بی ایریاز میں سیلز ٹیکس نوٹسز پر کاشف حیدری کا اظہار تشویش

بیٹھائی سہولیات فراہم کیے بغیر مزید ٹیکسوں کا نفاذ کاروباری طبقے کے ساتھ ناانصافی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ بی ایریاز میں تاجروں کو ایک مرتبہ پھر بیک ٹیکس کی نوٹسز کا 1821 انتہائی تشویشناک ہے، عوام اور کاروباری طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بحران اور آئے دن کی ہڑتالوں میں ہونیوالے نقصانات سے دوچار ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ صوبے کے متاثرین کو بوری طرح حق دیا جائے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

صوبائی حکومت پائیدار امن اور معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے، کاکڑ

کوئٹہ کمشنر بلوچستان کا سرحدی تجارت کے فروغ اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان خوش آئند ہے، صوبائی وزیر صحت

سرحدی تجارت کا فروغ معیشت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ہیٹریٹ پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بابت محمد کاکڑ نے کمانڈر ساؤتھ بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے متعلقہ بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ڈی ہی لور لائی کا فضسال گراؤنڈ کے تعمیراتی کام کا معائنہ

ترقیاتی کاموں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع

لورالائی (خ ر) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے یونیورسٹی آف لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BSDI) کے تحت تعمیر کیے گئے فضسال گراؤنڈ کا تفصیلی معائنہ کیا اور منصوبے کے تحت انجام دیے گئے تعمیراتی کام، استعمال شدہ میٹریل اور مجموعی معیار کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر تعمیراتی کام کے بعض پہلوؤں اور معیار سے متعلق تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

بلوچستان کے 2 اضلاع میں سیلز ٹیکس نوٹسز پر کاشف حیدری کا اظہار تشویش

بیٹھائی سہولیات فراہم کیے بغیر مزید ٹیکسوں کا نفاذ کاروباری طبقے کے ساتھ ناانصافی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ بی ایریاز میں تاجروں کو ایک مرتبہ پھر بیک ٹیکس کی نوٹسز کا 1821 انتہائی تشویشناک ہے، عوام اور کاروباری طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بحران اور آئے دن کی ہڑتالوں میں ہونیوالے نقصانات سے دوچار ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ صوبے کے متاثرین کو بوری طرح حق دیا جائے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سردار یار محمد رند کی زیر صدارت اہم اجلاس، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے: ڈی جی

مطلوبہ نظام الاوقات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر

اسسٹنٹ کمشنر محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام محکموں کے سربراہان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اوستہ محمد میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے: ڈی جی

مطالبہ آٹا ڈپو مالکان کی ہڑتال کے باعث شہر میں روٹی کا بحران، شہری پریشان

اسسٹنٹ کمشنر محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اوستہ محمد میں فری آئی میڈیکل کیمپ کا افتتاح کر دیا گیا

غریب اور مستحق افراد کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی خوش آئند ہے

اسسٹنٹ کمشنر اسسٹنٹ محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر محمد رضوان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سردار یار محمد رند کی زیر صدارت اہم اجلاس، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے: ڈی جی

مطلوبہ نظام الاوقات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر

اسسٹنٹ کمشنر